

JUNI 2023 ¦ AUSGABE 14

# Newsletter

## Wichtigkeit des Namaz

»Und ich habe die Dschinn und die Menschen nur darum erschaffen, dass sie Mir dienen.«

Der Heilige Qur'an: Sure Al-Dhariyat (51:57)

1922 - 2022
Lajna Ima'illah International

Lajna Ima'illah
Frauenorganisation der Ahmadiyya Muslim Jamaat Schweiz

www.lajna.ch

# Der Heillige Qur'an

حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى ۗ وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ
فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ رُكْبَانًا ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَ
مُوْنَ

(اپنی) نمازوں کی حفاظت کرو بالخصوص مرکزی نماز کی اور اللہ کے حضور فرمانبرداری کرتے ہوئے کھڑے ہو جاؤ۔ پس اگر تمہیں کوئی خوف ہو تو چلتے پھرتے یا سواری کی حالت میں ہی (نماز پڑھ لو)۔ پھر جب تم امن میں آ جاؤ تو پھر (اسی طریق پر) اللہ کو یاد کرو جس طرح اس نے تمہیں سکھایا ہے جو تم (اس سے پہلے) نہیں جانتے تھے۔ (سورۃ البقرہ، آیت نمبر 240-239)

Wacht über die Gebete und das mittlere Gebet und steht demütig vor Allah.Wenn ihr in Furcht seid, dann (sprecht euer Gebet) im Stehen oder im Reiten. Seid ihr aber in Sicherheit, dann gedenket Allahs, da Er euch das lehrte, was ihr nicht wusstet.
(Al-Baqarah 2:239-240)

# Der Heilige Prophet Muhammad[SAW]

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہاں تک فرمایا کہ نماز کو چھوڑنا انسان کو کفر اور شرک کے قریب کر دیتا ہے۔
(صحیح مسلم کتاب الایمان باب بیان اطلاق اسم الکفر علی من ترک الصلاۃ حدیث 149)

Um die Wichtigkeit des Gebetes deutlich zu machen, setzte der Heilige Prophet Muhammad[SAW] das Gebet mit dem Glauben gleich, indem Er sagte, dass das Ablassen vom Gebet einen Menschen dem Unglauben und Götzendienst näherbringt.

(Sahih Muslim)

## Hadhrat Masih-e-Mau'ud[AS] sagt:

»Es gibt keine Angelegenheit auf der Welt, die Gott nicht mit einer gewissen Leidenschaft und Anziehungskraft beschert hat. Ebenso wie ein Patient oftmals aufgrund seines Geschmackverlustes auch köstliche Mahlzeiten nicht schmecken, sollten auch jene Menschen, die keine Leidenschaft im Gebet finden, sich um ihre Krankheit Sorgen machen. Denn wie bereits erwähnt, so gibt es keine Sache auf der Welt, die Allah nicht mit einem Vergnügen ausgestattet hat. Allah hat die Menschen für die Anbetung erschaffen. Wie kann es dann sein, dass in diesen Gebeten für ihn kein Vergnügen (Wonne, Genuss saroor) finden lässt? Der Genuss ist zwar vorhanden, aber es sollten doch auch davon Profitierende existieren.

Allah sagt:

*»Und ich habe die Dschinn und die Menschen nur darum erschaffen, dass sie Mir dienen.«*
(Der Heilige Qur'an: Sure Al-Dhariyat (51:57))

Wenn der Mensch doch allein für Gebete geboren wurde, so ist es notwendig, dass im Gebet auch Genuss und Vergnügen von höchster Stellung enthalten ist.«
(Malfūẓāt, Bd. Nr. 1)

## حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں:

نماز کیا ہے؟ یہ ایک خاص دعا ہے مگر لوگ اس کو بادشاہوں کا ٹیکس سمجھتے ہیں۔ نادان اتنا نہیں جانتے کہ بھلا خدا تعالیٰ کو ان باتوں کی کیا حاجت ہے؟ اس کے غناءِ ذاتی کو اس بات کی کیا حاجت ہے کہ انسان دُعا، تسبیح اور تہلیل میں مصروف رہے بلکہ اس میں انسان کا اپنا ہی فائدہ ہے کہ وہ اس طریق پر اپنے مطلب کو پہنچ جاتا ہے۔ مجھے یہ دیکھ کر بہت افسوس ہوتا ہے کہ آج کل عبادات اور تقویٰ اور دینداری سے محبت نہیں ہے۔ اس کی وجہ ایک عام زہریلا اثر رسم کا ہے۔ اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ کی محبت سرد ہو رہی ہے اور عبادت میں جس قسم کا مزا آنا چاہیے وہ مزا نہیں آتا۔ دنیا میں کوئی ایسی چیز نہیں جس میں لذّت اور ایک خاص حظّ اللہ تعالیٰ نے رکھا نہ ہو۔ جس طرح پر ایک مریض ایک عمدہ سے عمدہ خوش ذائقہ چیز کا مزہ نہیں اٹھا سکتا اور وہ اُسے تلخ یا بلکل پھیکا سمجھتا ہے اسی طرح وہ لوگ جو عبادت الٰہی میں حظّ اور لذّت نہیں پاتے اُن کو اپنی بیماری کا فکر کرنا چاہیے کیونکہ جیسا میں نے ابھی کہا ہے دنیا میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے جس میں خدا تعالیٰ نے کوئی نہ کوئی لذّت نہ رکھی ہو۔ اللہ تعالیٰ نے بنی نوع انسان کو عبادت کے لئے پیدا کیا تو پھر کیا وجہ ہے کہ اس عبادت میں اُس کے لئے لذّت اور سُرور نہ ہو۔ لذّت اور سُرور تو ہے مگر اُس سے حظّ اٹھانے والا بھی تو ہو۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ

اور میں نے جن وانس کو پیدا نہیں کیا مگر اس غرض سے کہ وہ میری عبادت کریں۔ (سورۃ الذّریٰت، آیت نمبر 57)

اب انسان جب کہ عبادت ہی کے لئے پیدا ہوا ہے ضروری ہے کہ عبادت میں لذّت اور سُرور بھی درجہ غایت کا رکھا ہو۔ (ملفوظات حضرت مسیح موعودؑ، جلد اوّل، صفحہ نمبر 139)

## Hadhrat Kalifatul Masih der VATBA erklärte:

»Das Gebet ist ein großes Mittel, das Allah uns gegeben hat, um das Leben rein zu gestalten und um sich vor schlechten Taten zu schützen […].

Allah sagt:

*»Verlies, was dir von dem Buche deines Herrn offenbart ward.«*
(Der Heilige Qur'an: Sure Al-Kahf (18:28))

Und dies bedeutet nicht nur lesen, sondern auch es vorlesen.

*»Und verrichte das Gebet. Wahrlich, das Gebet hält ab von Schändlichkeiten und Unrecht; Und an Allah denken ist gewiss die höchste (Tugend). Und Allah weiß, was ihr tut.«*
(Der Heilige Qur'an: Sure Al-`Ankabut (29:46)

Wie man in der Übersetzung dieser Verse sieht, wird befohlen, den Qur'an zu rezitieren, und auch diese Botschaft weiter zu verbreiten und gleich im Anschluss daran wird dann gesagt: „Und verrichte das Gebet." Das Gebet sollte gemäß den Vorschriften und mit voller Hingabe verrichtetet werden, dann kann dies zur Reinheit führen. Der Qur'an, der gefüllt ist mit den Lehren zur Erlangung von Reinheit, diesen kann man nur mit Hilfe Allahs befolgen. Wahrlich, wenn ein Gläubiger sich mit Hingabe vor Allah verbeugt, wenn diese Lehre auf den Gläubigen einwirkt, wenn der Gläubige sich vor schlechten Taten schützend den Befehlen Allahs Folge leistet, dann werden seine hingebungsvoll verrichteten Gebete seine Zunge dazu bringen, Allahs zu gedenken und solch ein Gläubiger wird seine Seele vollkommen gereinigt haben."
(Freitagsansprache vom 15. Februar 2008, Al Fazl International, 7. bis 13. März 2008, S. 6)

Möge Allah uns durch Seine Huld befähigen, solche reinen Gebete zu verrichten, durch die wir Seine Liebe erlangen und durch die wir vor den Angriffen Satans und schlechten Taten geschützt werden können. Amin.

**حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:**

اللہ تعالیٰ نے تزکیہ نفس کے لئے برائیوں سے بچنے کے لئے نماز کو ایک بہت بڑا ذریعہ قرار دیا ہے جیسا کہ جو آیت میں نے ابھی تلاوت کی ہے اس میں وہ فرماتا ہے کہ

اُتْلُ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنَ الْکِتٰبِ کہ جو کتاب میں سے تیری طرف وحی کیا جاتا ہے اسے پڑھ۔ اور نہ صرف پڑھ بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ اُتْلُ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنَ الْکِتٰبِ جو کتاب میں سے تیری طرف وحی کیا جاتا ہے اسے پڑھ اور پڑھ کر سنا۔ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ اور نماز کو قائم کر۔ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ یقیناً نماز بے حیائی اور ہر ناپسندیدہ بات سے روکتی ہے وَلَذِکْرُ اللّٰہِ اَکْبَرُ ۔ اور اللہ کا ذکر یقیناً سب ذکروں سے بڑا ہے۔ وَاللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ اور اللہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔ (سورۃ العنکبوت، آیت نمبر 46)

اس آیت میں جیسا کہ ہم نے ترجمہ میں دیکھا کہ جہاں تلاوت کرنے کا حکم ہے، اس پیغام کو پہنچانے کا حکم ہے وہاں ساتھ ہی فرمایا ہے وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ کہ نماز قائم کر کیونکہ اس کو تمام لوازمات کے ساتھ قائم کرنا اور خالص ہو کر پڑھنا، پاک کرنے کا ذریعہ بنے گا۔ یہ قرآن جو تزکیہ کرنے کی تعلیم سے پُر ہے اس پر عمل کرنے کی توفیق خدا کی مدد سے ملے گی۔ پس جب ایک مومن بندہ خالص ہو کر اس کے آگے جھکے گا اور اس پر اس تعلیم کا اثر ہو گا اور برائیوں سے بچتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے احکامات پر عمل پیرا ہو گا اور پھر خالص ہو کر ادا کی گئی نمازیں بعد میں بھی اللہ تعالیٰ کے ذکر سے زبانوں کو تر رکھنے کی طرف توجہ دلائیں گی تو ایسا شخص یقیناً اپنے نفس کا تزکیہ کرنے والا ہو گا۔

**پس نماز کی طرف توجہ ہر احمدی کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ لیکن کس طرح؟ کیا صرف ایک دو نمازیں؟ نہیں، بلکہ پانچ وقت کی نمازیں۔ اگر یہ نہیں تو عبادت کے معیار حاصل کرنے کا ابھی بہت لمبا سفر طے کرنا ہے۔ پہلوں سے ملنے کے لئے ابھی بہت محنت کی ضرورت ہے۔ پانچ فرض نمازیں تو وہ سنگ میل ہے جہاں سے معیاروں کے حصول کا سفر شروع ہونا ہے۔ پانچ نمازیں تو نیکی کا وہ بیج ہے جس نے پھلدار درخت بننا ہے۔**

(خطبہ جمعہ 15/ فروری 2008ء، فرمودہ حضرت مرزا مسرور احمد، خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز)

اللہ تعالیٰ ہمیں اپنی نمازوں کی حفاظت کرنے والا بنائے بالخصوص مرکزی نماز کی حفاظت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

**"نماز کیا ہے؟ ایک قسم کی دعا ہے جو انسان کو تمام برائیوں اور فواحش سے محفوظ رکھ کر حسنات کا مستحق اور انعام الٰہیہ کا مورد بنا دیتی ہے۔"**

(حضرت مسیح موعودؑ، ملفوظات، جلد ۳، صفحہ ۳۷)